بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

قرآن پاک کی معنوی تحریف اور فرقہ واریت کی نحوست سے محفوظ اُردو ترجمہ

# جمال القرآن

عربی لُغت کے عین مطابق بیک وقت لفظی اور بامحاورہ آسان ترین اُردو ترجمہ

ترجمہ

پیر محمد کرم شاہ الازہری رحمۃ اللہ علیہ

ضیاء القرآن پبلی کیشنز
لاہور ـ کراچی
پاکستان

سورۃ النبا ۷۸ مکیۃ ۸۰ — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — اٰیاتہا ۴۰ رکوعاتہا ۲

سورۃ النباء مکی ہے    اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے ۔ اس میں ۴۰ آیتیں اور ۲ رکوع ہیں

عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ ۱ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ ۲ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ
وہ کس چیز کے بارے میں ایک دوسرے سے پوچھ رہے ہیں ؟ کیا وہ اس بڑی اور اہم خبر کے بارے میں پوچھ رہے ہیں ؟ جس میں

مُخْتَلِفُوْنَ ۳ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۴ ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۵ اَلَمْ نَجْعَلِ
وہ اختلاف کرتے رہتے ہیں ۔ یقیناً وہ اسے جان لیں گے ، پھر یقیناً وہ اسے جان لیں گے (کہ قیامت برحق ہے) ۔ کیا ہم نے نہیں بنا دیا

الْاَرْضَ مِهٰدًا ۶ وَّالْجِبَالَ اَوْتَادًا ۷ وَّخَلَقْنٰكُمْ اَزْوَاجًا ۸ وَّ
زمین کو بچھونا اور پہاڑوں کو میخیں ، اور ہم نے پیدا کیا ہے تمہیں جوڑا جوڑا ، اور

جَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ۹ وَّجَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا ۱۰ وَّجَعَلْنَا النَّهَارَ
ہم نے بنا دیا ہے تمہاری نیند کو باعث آرام ، نیز ہم نے بنا دیا رات کو پردہ پوش ، اور ہم نے دن کو

مَعَاشًا ۱۱ وَّبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ۱۲ وَّجَعَلْنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا ۱۳
روزی کمانے کے لیے بنایا ، اور ہم نے بنائے تمہارے اوپر سات مضبوط (آسمان) ، اور ہم نے ہی ایک نہایت روشن چراغ بنایا ،

وَّاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا ۱۴ لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا ۱۵
اور ہم نے برسایا بادلوں سے موسلادھار پانی ، تاکہ ہم اگائیں اس کے ذریعے اناج اور سبزی ،

وَّجَنّٰتٍ اَلْفَافًا ۱۶ اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ۱۷ يَّوْمَ يُنْفَخُ
نیز گھنے باغات ۔ بے شک فیصلہ کا دن ایک معین وقت ہے ، جس روز صور

فِي الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا ۱۸ وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا ۱۹ وَّ
پھونکا جائے گا تو تم چلے آؤ گے فوج درفوج ، اور کھول دیا جائے گا آسمان تو وہ دروازے ہی دروازے بن کر رہ جائے گا ، اور

سُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا ۲۰ اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ۲۱
حرکت دی جائے گی پہاڑوں کو تو وہ سراب بن جائیں گے ۔ در حقیقت جہنم ایک گھات ہے ،

لِّلطّٰغِيْنَ مَاٰبًا ۲۲ لّٰبِثِيْنَ فِيْهَآ اَحْقَابًا ۲۳ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا
(یہ) سرکشوں کا ٹھکانا ہے ، پڑے رہیں گے اس میں عرصہ دراز ۔ وہ نہیں چکھیں گے اس میں کوئی ٹھنڈی چیز

وَّلَا شَرَابًا ۲۴ اِلَّا حَمِيْمًا وَّغَسَّاقًا ۲۵ جَزَآءً وِّفَاقًا ۲۶ اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا
اور نہ پانی ، بجز کھولتے پانی اور گرم پیپ کے ، (ان کے گناہوں کی) پوری سزا ۔ یہ لوگ (روزِ) حساب کی

يَرْجُوْنَ حِسَابًا ﴿٢٧﴾ وَّكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا ﴿٢٨﴾ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ

توقع ہی نہیں رکھتے تھے ، اور انہوں نے ہماری آیتوں کو سختی سے جھٹلایا - حالانکہ ہر چیز کو ہم نے گن گن کر

كِتٰبًا ﴿٢٩﴾ فَذُوْقُوْا فَلَنْ نَّزِيْدَكُمْ اِلَّا عَذَابًا ﴿٣٠﴾ اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًا ﴿٣١﴾ ع ١

لکھ لیا تھا پس (اے منکرو! اپنے کیے کا) مزا چکھو اب ہم نہیں زیادہ کریں گے تم پر مگر عذاب - بلاشبہ پرہیزگاروں کے لیے کامیابی (ہی کامیابی) ہے ،

حَدَآئِقَ وَاَعْنَابًا ﴿٣٢﴾ وَّكَوَاعِبَ اَتْرَابًا ﴿٣٣﴾ وَّكَاْسًا دِهَاقًا ﴿٣٤﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ

(ان کے لیے) باغات اور انگوروں (کی بیلیں) ہیں ، اور جواں سال ہم عمر لڑکیاں ، اور چھلکتا ہوا جام - نہ سنیں گے

فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا كِذّٰبًا ﴿٣٥﴾ جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً حِسَابًا ﴿٣٦﴾ رَّبِّ السَّمٰوٰتِ

وہاں کوئی بیہودہ بات اور نہ جھوٹ - یہ بدلہ ہے آپ کے رب کی طرف سے بڑا کافی انعام ، جو پروردگار ہے آسمانوں کا

وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا ﴿٣٧﴾ يَوْمَ

اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے ، بے حد مہربان ، انہیں طاقت نہ ہوگی کہ (بغیر اجازت) اس سے بات بھی کر سکیں - جس روز

يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ

روح اور فرشتے پرے باندھ کر کھڑے ہوں گے ، کوئی نہ بول سکے گا بجز اس کے جس کو

الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ﴿٣٨﴾ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ

رحمٰن اِذن دے اور وہ ٹھیک بات کرے - یہ دن برحق ہے ، سو جس کا جی چاہے بنالے

اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ﴿٣٩﴾ اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا قَرِيْبًا يَّوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا

اپنے رب کے جوارِ رحمت میں اپنا ٹھکانا - بے شک ہم نے ڈرا دیا ہے تمہیں جلد آنے والے عذاب سے ، اس دن دیکھ لے گا ہر شخص (ان عملوں کو)

قَدَّمَتْ يَدٰهُ وَيَقُوْلُ الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرٰبًا ﴿٤٠﴾ ع ٢

جو اس نے آگے بھیجے تھے اور کافر (بصد حسرت) کہے گا کاش ! میں خاک ہوتا -

سُوْرَةُ النّٰزِعٰتِ ٧٩ مَكِّيَّةٌ ٨١ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ٤٦ رُكُوْعَاتُهَا ٢

سورۃ النازعات مکی ہے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے - اس میں ٤٦ آیتیں اور ٢ رکوع ہیں

وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا ﴿١﴾ وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا ﴿٢﴾ وَّالسّٰبِحٰتِ سَبْحًا ﴿٣﴾

قسم ہے (فرشتوں کی) جو غوطہ لگا کر (جان) کھینچنے والے ہیں ، اور بند آسانی سے کھولنے والے ہیں ، اور تیزی سے پیرنے والے ہیں ،

فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا ﴿٤﴾ فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ﴿٥﴾ يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ﴿٦﴾ وقف لازم

پھر (تعمیل ارشاد میں) جو دوڑ کر سبقت لے جانے والے ہیں ، پھر (حسب حکم) ہر کام کا انتظام کرنے والے ہیں ، جس روز تھر تھرائے گی تھر تھرانے والی ،

تَتۡبَعُهَا الرَّادِفَةُ ؕ ۷ قُلُوۡبٌ یَّوۡمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ۙ ۸ اَبۡصَارُهَا خَاشِعَةٌ ۘ ۹ وقف لازم

اس کے پیچھے ایک اور جھٹکا ہوگا۔ کتنے دل اس روز (خوف سے) کانپ رہے ہوں گے، ان کی آنکھیں (ڈر سے) جھکی ہوں گی۔

یَقُوۡلُوۡنَ ءَاِنَّا لَمَرۡدُوۡدُوۡنَ فِی الۡحَافِرَةِ ؕ ۱۰ ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا

کافر کہتے ہیں: کیا ہم پلٹائے جائیں گے الٹے پاؤں؟ (یعنی) جب ہم بوسیدہ ہڈیاں

نَّخِرَةً ؕ ۱۱ قَالُوۡا تِلۡكَ اِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ ۘ ۱۲ فَاِنَّمَا هِیَ زَجۡرَةٌ وَّاحِدَةٌ ۙ ۱۳ وقف لازم

بن چکے ہوں گے؟ بولے: یہ واپسی تو بڑے گھاٹے کی ہوگی۔ (پس اس واپسی کے لیے) تو فقط ایک جھڑک کافی ہے،

فَاِذَا هُمۡ بِالسَّاهِرَةِ ؕ ۱۴ هَلۡ اَتٰىكَ حَدِیۡثُ مُوۡسٰی ۘ ۱۵ اِذۡ نَادٰىهُ وقف لازم

پھر وہ فورا کھلے میدان میں جمع ہوجائیں گے۔ (اے حبیب!) کیا پہنچی ہے آپ کو موسیٰ کی خبر؟ جب ان کے

رَبُّهٗ بِالۡوَادِ الۡمُقَدَّسِ طُوًی ۚ ۱۶ اِذۡهَبۡ اِلٰی فِرۡعَوۡنَ اِنَّهٗ طَغٰی ۖ ۱۷

رب نے انہیں طویٰ کی مقدس وادی میں پکارا تھا۔ (کہ) جاؤ فرعون کے پاس وہ سرکش بن گیا ہے۔

فَقُلۡ هَلۡ لَّكَ اِلٰۤی اَنۡ تَزَكّٰی ۙ ۱۸ وَاَهۡدِیَكَ اِلٰی رَبِّكَ فَتَخۡشٰی ۚ ۱۹

پس (اس سے) دریافت کرو کیا تیری خواہش ہے کہ تو پاک ہوجائے، اور (کیا تو چاہتا ہے کہ) میں تیری رہبری کروں تیرے رب کی طرف تاکہ تو (اس سے) ڈرنے لگے۔

فَاَرٰىهُ الۡاٰیَةَ الۡكُبۡرٰی ۫ ۲۰ فَكَذَّبَ وَعَصٰی ۫ ۲۱ ثُمَّ اَدۡبَرَ یَسۡعٰی ۫ ۲۲

پس آپ نے (جاکر) اسے بڑی نشانی دکھائی، پس اس نے جھٹلایا اور نافرمانی کی، پھر روگرداں ہوکر فتنہ انگیزی میں کوشاں ہوگیا،

فَحَشَرَ فَنَادٰی ۫ ۲۳ فَقَالَ اَنَا رَبُّكُمُ الۡاَعۡلٰی ۫ ۲۴ فَاَخَذَهُ اللّٰهُ نَكَالَ

پھر (لوگوں کو) جمع کیا پس پکارا، اور کہا: میں تمہارا سب سے بڑا رب ہوں، آخرکار مبتلا کر دیا اسے اللہ نے

ع ۴۲/۲ الۡاٰخِرَةِ وَالۡاُوۡلٰی ؕ ۲۵ اِنَّ فِیۡ ذٰلِكَ لَعِبۡرَةً لِّمَنۡ یَّخۡشٰی ۲۶ ءَاَنۡتُمۡ

آخرت اور دنیا کے (دوہرے) عذاب میں۔ بےشک اس میں بڑی عبرت ہے اس کے لیے جو اللہ سے ڈرتا ہے۔ کیا تمہیں

اَشَدُّ خَلۡقًا اَمِ السَّمَآءُ ؕ بَنٰىهَا ۲۷ رَفَعَ سَمۡكَهَا فَسَوّٰىهَا ۙ ۲۸ وَاَغۡطَشَ

پیدا کرنا مشکل ہے یا آسمان کا؛ اس نے اسے بنایا اس کی چھت کو خوب اونچا کیا پھر اس کو درست کیا، اور تاریک کیا

لَیۡلَهَا وَاَخۡرَجَ ضُحٰىهَا ۪ ۲۹ وَالۡاَرۡضَ بَعۡدَ ذٰلِكَ دَحٰىهَا ؕ ۳۰ اَخۡرَجَ

اس کی رات کو اور ظاہر کیا اس کے دن کو، اور زمین کو بعدازاں بچھا دیا۔ نکالا

مِنۡهَا مَآءَهَا وَمَرۡعٰىهَا ۪ ۳۱ وَالۡجِبَالَ اَرۡسٰىهَا ۙ ۳۲ مَتَاعًا لَّكُمۡ

اس سے اس کا پانی اور اس کا سبزہ، اور پہاڑ (اس میں) گاڑ دیے، سامانِ زیست ہے تمہارے لیے

وَلِاَنْعَامِكُمْ ﴿٣٣﴾ فَاِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى ﴿٣٤﴾ يَوْمَ يَتَذَكَّرُ

اور تمہارے مویشیوں کے لیے ۔ پھر جب آئے گی سب سے بڑی آفت ، اس دن انسان یاد کرے گا

الْاِنْسَانُ مَا سَعٰى ﴿٣٥﴾ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِمَنْ يَّرٰى ﴿٣٦﴾ فَاَمَّا مَنْ

جو دوڑ دھوپ اس نے کی تھی ، اور ظاہر کر دی جائے گی جہنم ہر دیکھنے والے کے لیے ۔ پس جس نے

طَغٰى ﴿٣٧﴾ وَاٰثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿٣٨﴾ فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ الْمَاْوٰى ﴿٣٩﴾ وَ

سرکشی کی ہوگی ، اور ترجیح دی ہوگی دنیوی زندگی کو ، تو دوزخ ہی (اس کا) ٹھکانا ہوگا ۔ اور

اَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ﴿٤٠﴾ فَاِنَّ

جو ڈرتا رہا ہوگا اپنے رب کے حضور کھڑا ہونے سے اور (اپنے) نفس کو روکتا رہا ہوگا (ہر بری) خواہش سے ، یقیناً

الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى ﴿٤١﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ﴿٤٢﴾

جنت ہی اس کا ٹھکانا ہوگا ۔ یہ لوگ آپ سے قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں کہ وہ کب قائم ہوگی ۔

فِيْمَ اَنْتَ مِنْ ذِكْرٰىهَا ﴿٤٣﴾ اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهٰىهَا ﴿٤٤﴾ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرُ

اس کے بیان کرنے سے آپ کا کیا تعلق ۔ آپ کے رب تک اس کی انتہا ہے ۔ آپ ضرور خبردار کرنے والے ہیں

مَنْ يَّخْشٰىهَا ﴿٤٥﴾ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰىهَا ﴿٤٦﴾ ع ٢

ہر اس شخص کو جو اس سے ڈرتا ہو ۔ گویا وہ جس روز اس کو دیکھیں گے (انہیں یوں محسوس ہوگا) کہ وہ (دنیا میں) نہیں ٹھہرے تھے مگر ایک شام یا ایک صبح ۔

## سورۃ عبس ٨٠ مکیۃ ٢٤ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — آیاتہا ٤٢ رکوعہا ١

سورۃ عبس مکی ہے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے ۔ اس میں ٤٢ آیتیں اور ایک رکوع ہے

عَبَسَ وَتَوَلّٰٓى ﴿١﴾ اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰى ﴿٢﴾ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّهٗ يَزَّكّٰٓى ﴿٣﴾

چیں بہ جبیں ہوئے اور منہ پھیرلیا ، (اس وجہ سے کہ) ان کے پاس ایک نابینا آیا ، اور آپ کیا جانیں شاید وہ پاکیزہ تر ہو جاتا ،

اَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰى ﴿٤﴾ اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰى ﴿٥﴾ فَاَنْتَ لَهٗ

یا وہ غور و فکر کرتا تو نفع پہنچاتی اسے یہ نصیحت ۔ لیکن وہ جو پروا نہیں کرتا ، آپ اس کی طرف

تَصَدّٰى ﴿٦﴾ وَمَا عَلَيْكَ اَلَّا يَزَّكّٰى ﴿٧﴾ وَاَمَّا مَنْ جَآءَكَ يَسْعٰى ﴿٨﴾

تو توجہ کرتے ہیں ۔ اور آپ پر کوئی ضرر نہیں اگر وہ نہ سدھرے ۔ اور جو آپ کے پاس آیا ہے دوڑتا ہوا ،

وَهُوَ يَخْشٰى ﴿٩﴾ فَاَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰى ﴿١٠﴾ كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ﴿١١﴾ فَمَنْ شَآءَ

اور وہ ڈر بھی رہا ہے ، تو آپ اس سے بے رخی برتتے ہیں ۔ ایسا نہ چاہیے یہ تو نصیحت ہے سو ۔ جس کا جی چاہے

وقف لازم

ذَكَرَهٗ ﴿۱۲﴾ فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ﴿۱۳﴾ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ﴿۱۴﴾ بِاَيْدِيْ

اسے قبول کرلے ۔ یہ ایسے صحیفوں میں (ثبت) ہے، جو معزز ہیں، جو بلند مرتبہ پاکیزہ ہیں ، ایسے کا تبوں

سَفَرَةٍ ﴿۱۵﴾ كِرَامٍۭ بَرَرَةٍ ﴿۱۶﴾ قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهٗ ﴿۱۷﴾ مِنْ اَيِّ

کے ہاتھوں سے لکھے ہیں، جو بڑے بزرگ۔ اور نیکوکار ہیں غارت ہو (منکر) انسان ! وہ کتنا احسان فراموش ہے۔ کس

شَيْءٍ خَلَقَهٗ ﴿۱۸﴾ مِنْ نُّطْفَةٍ ؕ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ﴿۱۹﴾ ثُمَّ السَّبِيْلَ

چیز سے اللہ نے اسے پیدا کیا؟ ایک بوند سے ؛ اسے پیدا کیا پھر اس کی ہر چیز اندازہ سے بنائی ، پھر (زندگی کی) راہ اس پر

يَسَّرَهٗ ﴿۲۰﴾ ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ﴿۲۱﴾ ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ ﴿۲۲﴾ كَلَّا لَمَّا

آسان کر دی، پھر اسے موت دی اور اسے قبر میں پہنچا دیا، پھر جب چاہے گا اسے دوبارہ زندہ کر دے گا یقیناً

يَقْضِ مَآ اَمَرَهٗ ﴿۲۳﴾ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ اِلٰى طَعَامِهٖۤ ﴿۲۴﴾ اَنَّا صَبَبْنَا

وہ بجانہ لایا جو اللہ نے اسے حکم دیا تھا پھر ذرا انسان غور سے دیکھے اپنی غذا کو، بے شک ہم نے

الْمَآءَ صَبًّا ﴿۲۵﴾ ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ﴿۲۶﴾ فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا حَبًّا ﴿۲۷﴾ وَّ

زور سے پانی برسایا، پھر اچھی طرح پھاڑا زمین کو، پھر ہم نے اگایا اس میں غلہ، اور

عِنَبًا وَّقَضْبًا ﴿۲۸﴾ وَّزَيْتُوْنًا وَّنَخْلًا ﴿۲۹﴾ وَّحَدَآئِقَ غُلْبًا ﴿۳۰﴾ وَّفَاكِهَةً

انگور اور ترکاریاں ، اور زیتون اور کھجوریں، اور گھنے باغات ، اور (طرح طرح کے) پھل

وَّاَبًّا ﴿۳۱﴾ مَّتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ﴿۳۲﴾ فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ ﴿۳۳﴾ يَوْمَ

اور گھاس ، سامان زیست تمہارے لیے اور تمہارے مویشیوں کے لیے ۔ پھر جب کان بہرا کرنے والا شور اٹھے گا ۔اس دن

يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ﴿۳۴﴾ وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ ﴿۳۵﴾ وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِ ﴿۳۶﴾

آدمی بھاگے گا اپنے بھائی سے، اور اپنی ماں سے اور اپنے باپ سے ، اور اپنی بیوی سے اور اپنے بچوں سے۔

لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِ ﴿۳۷﴾ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ

ہر شخص کو ان میں سے اس دن ایسی فکر لاحق ہوگی جو اسے (سب سے) بے پروا کردے گی ۔ کتنے ہی چہرے اس دن

مُّسْفِرَةٌ ﴿۳۸﴾ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ﴿۳۹﴾ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا

(نورایمان سے) چمک رہے ہوں گے ، ہنستے ہوئے خوش و خرم۔ اور کئی منہ اس دن

غَبَرَةٌ ﴿۴۰﴾ تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ﴿۴۱﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ ﴿۴۲﴾ ع ۲ ۵

غبار آلود ہوں گے ، ان پر کالک لگی ہوگی ۔ یہی وہ کافر (و) فاجر لوگ ہوں گے ۔

سُورَةُ التَّكْوِيرِ ۸۱ مَكِّيَّةٌ ۷ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ | آيَاتُهَا ۲۹ رُكُوعُهَا ۱

سورۃ التکویر مکی ہے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے ۔ اس میں ۲۹ آیات ہیں اور ایک رکوع ہے

إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ۝١ وَإِذَا النُّجُومُ انكَدَرَتْ ۝٢ وَإِذَا الْجِبَالُ
(یادکرو) جب سورج لپیٹ دیا جائے گا ، اور جب ستارے بکھر جائیں گے ، اور جب پہاڑوں کو
سُيِّرَتْ ۝٣ وَإِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ۝٤ وَإِذَا الْوُحُوشُ حُشِرَتْ ۝٥
اکھیڑ دیا جائے گا ، اور جب دس ماہ کی گابھن اونٹنیاں چھٹی پھریں گی ، اور جب وحشی جانور یکجا کر دیے جائیں گے ،
وَإِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ ۝٦ وَإِذَا النُّفُوسُ زُوِّجَتْ ۝٧ وَإِذَا الْمَوْءُودَةُ
اور جب سمندر بھڑکا دیے جائیں گے ، اور جب جانیں (جسموں سے) جوڑی جائیں گی ، اور جب زندہ درگور کی ہوئی (بچی) سے
سُئِلَتْ ۝٨ بِأَيِّ ذَنبٍ قُتِلَتْ ۝٩ وَإِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ ۝١٠ وَإِذَا
پوچھا جائے گا ، کہ وہ کس گناہ کے باعث ماری گئی ۔ اور جب اعمال نامے کھولے جائیں گے ، اور جب
السَّمَاءُ كُشِطَتْ ۝١١ وَإِذَا الْجَحِيمُ سُعِّرَتْ ۝١٢ وَإِذَا الْجَنَّةُ أُزْلِفَتْ ۝١٣
آسمان کی کھال ادھیڑلی جائے گی ، اور جب جہنم دہکائی جائے گی ، اور جب جنت قریب کر دی جائے گی ،
عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا أَحْضَرَتْ ۝١٤ فَلَا أُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ۝١٥ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ۝١٦
(تو اس دن) ہر شخص جان لے گا کہ وہ کیا لے کر آیا ہے ۔ پھر میں قسم کھاتا ہوں پیچھے ہٹ جانے والے تاروں کی ۔ (اور قسم کھاتا ہوں) سیدھے چلنے والے رکے رہنے والے تاروں کی ،
وَاللَّيْلِ إِذَا عَسْعَسَ ۝١٧ وَالصُّبْحِ إِذَا تَنَفَّسَ ۝١٨ إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُولٍ
اور رات کی جب وہ رخصت ہونے لگے ، اور صبح کی جب وہ سانس لے ، کہ یہ (قرآن) ایک معزز قاصد کا (لایا ہوا)
كَرِيمٍ ۝١٩ ذِي قُوَّةٍ عِندَ ذِي الْعَرْشِ مَكِينٍ ۝٢٠ مُّطَاعٍ ثَمَّ أَمِينٍ ۝٢١
قول ہے ، جو قوت والا ہے مالک عرش کے ہاں عزت والا ہے ، (سب فرشتوں کا) سردار اور وہاں کا امین ہے ۔
وَمَا صَاحِبُكُم بِمَجْنُونٍ ۝٢٢ وَلَقَدْ رَآهُ بِالْأُفُقِ الْمُبِينِ ۝٢٣ وَمَا هُوَ
اور تمہارا یہ ساتھی کوئی مجنون تو نہیں ۔ اور بلاشبہ اس نے اس قاصد کو دیکھا ہے روشن کنارے پر ۔ اور یہ
عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِينٍ ۝٢٤ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطَانٍ رَّجِيمٍ ۝٢٥ فَأَيْنَ
نبی غیب بتانے میں ذرا بخیل نہیں ۔ اور یہ (قرآن) کسی شیطان مردود کا قول نہیں ، پھر تم (منہ اٹھائے) کدھر
تَذْهَبُونَ ۝٢٦ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ ۝٢٧ لِمَن شَاءَ مِنكُمْ أَن
چلے جا رہے ہو ۔ نہیں ہے یہ مگر نصیحت سب اہل جہان کے لیے ، (لیکن ہدایت وہی پاتا ہے) جو تم میں سے سیدھی

يَسْتَقِيْمَ ﴿۲۸﴾ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۹﴾

راہ چلنا چاہے۔ اور تم نہیں چاہ سکتے بجز اس کے کہ اللہ چاہے جو رب العالمین ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| سُوْرَةُ الْاِنْفِطَارِ ۸۲ مَكِّيَّةٌ ۸۲ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۹ رُكُوْعُهَا ۱ |

سورہ الانفطار مکی ہے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ اس میں ۱۹ آیات ہیں اور ایک رکوع ہے

اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ ﴿۱﴾ وَاِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ ﴿۲﴾ وَاِذَا الْبِحَارُ

جب آسمان پھٹ جائے گا، اور جب ستارے بکھر جائیں گے، اور جب سمندر

فُجِّرَتْ ﴿۳﴾ وَاِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ ﴿۴﴾ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ وَ

بہنے لگیں گے، اور جب قبریں زیروزبر کر دی جائیں گی، (اس وقت) جان لے گا ہر شخص جو (اعمال) اس نے آگے بھیجے تھے اور

اَخَّرَتْ ﴿۵﴾ يٰۤاَيُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ ﴿۶﴾ الَّذِيْ

جو (اثرات) وہ پیچھے چھوڑ آیا تھا۔ اے انسان! کس چیز نے تجھے دھوکے میں رکھا اپنے رب کریم کے بارے میں، جس نے

خَلَقَكَ فَسَوّٰىكَ فَعَدَلَكَ ﴿۷﴾ فِيْۤ اَيِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ ﴿۸﴾

تجھے پیدا کیا پھر تیرے (اعضاء کو) درست کیا، پھر تیرے (عناصر کو) معتدل بنایا (الغرض) جس شکل میں چاہا تجھے ترکیب دے دیا۔

كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّيْنِ ﴿۹﴾ وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ ﴿۱۰﴾ كِرَامًا

یہ سچ ہے بلکہ تم جھٹلاتے ہو روز جزا کو، حالانکہ تم پر نگراں (فرشتے) مقرر ہیں جو معزز ہیں، (حرف بحرف

كَاتِبِيْنَ ﴿۱۱﴾ يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۱۲﴾ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ﴿۱۳﴾ وَاِنَّ

لکھنے والے ہیں، جانتے ہیں جو کچھ تم کرتے ہو۔ بے شک نیک لوگ عیش و آرام میں ہوں گے۔ اور یقیناً

الْفُجَّارَ لَفِيْ جَحِيْمٍ ﴿۱۴﴾ يَّصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿۱۵﴾ وَمَا هُمْ عَنْهَا

بدکار جہنم میں ہوں گے۔ داخل ہوں گے اس میں قیامت کے روز۔ اور وہ اس سے

بِغَآئِبِيْنَ ﴿۱۶﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۱۷﴾ ثُمَّ مَآ اَدْرٰىكَ مَا

غائب نہ ہو سکیں گے۔ اور آپ کو کیا علم کہ روز جزا کیا ہے؟ پھر آپ کو کیا علم کہ

يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۱۸﴾ يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْئًا ؕ وَالْاَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ﴿۱۹﴾

روز جزا کیا ہے؟ (یہ وہ دن ہوگا) جس روز کسی کے لیے کچھ کرنا کسی کے بس میں نہ ہوگا؛ اور سارا حکم اس روز اللہ ہی کا ہوگا۔

| | | |
|---|---|---|
| سُوْرَةُ الْمُطَفِّفِيْنَ ۸۳ مَكِّيَّةٌ ۸۶ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۳۶ رُكُوْعُهَا ۱ |

سورۃ المطففین مکی ہے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ اس میں ۳۶ آیات ہیں اور ایک رکوع ہے

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِينَ ۝١ الَّذِينَ إِذَا اكْتَالُوا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُونَ ۝٢

بربادی ہے (ناپ تول میں) کمی کرنے والوں کے لیے، جب وہ لوگوں سے ناپ کر لیتے ہیں تو پورا پورا لیتے ہیں،

وَإِذَا كَالُوهُمْ أَو وَّزَنُوهُمْ يُخْسِرُونَ ۝٣ أَلَا يَظُنُّ أُولَٰئِكَ أَنَّهُم

اور جب لوگوں کو ناپ کر یا تول کر دیتے ہیں تو (ان کو) نقصان پہنچاتے ہیں۔ کیا وہ (اتنا) خیال بھی نہیں کرتے کہ انہیں قبروں سے

مَّبْعُوثُونَ ۝٤ لِيَوْمٍ عَظِيمٍ ۝٥ يَوْمَ يَقُومُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ ۝٦

اٹھایا جائے گا؟ ایک بڑے دن کے لیے، جس دن لوگ (جوابدہی کے لیے) کھڑے ہوں گے پروردگارِ عالم کے سامنے۔

كَلَّا إِنَّ كِتَابَ الْفُجَّارِ لَفِي سِجِّينٍ ۝٧ وَمَا أَدْرَاكَ مَا سِجِّينٌ ۝٨

یہ حق ہے کہ بدکاروں کا نامہ عمل سجین میں ہوگا۔ اور تمہیں کیا خبر کہ سجین کیا ہے۔

كِتَابٌ مَّرْقُومٌ ۝٩ وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِينَ ۝١٠ الَّذِينَ يُكَذِّبُونَ

یہ ایک کتاب ہے لکھی ہوئی۔ تباہی ہوگی اس دن جھٹلانے، والوں کے لیے جو جھٹلاتے ہیں

بِيَوْمِ الدِّينِ ۝١١ وَمَا يُكَذِّبُ بِهِ إِلَّا كُلُّ مُعْتَدٍ أَثِيمٍ ۝١٢ إِذَا تُتْلَىٰ

روز جزا کو اور نہیں جھٹلایا کرتا اسے مگر وہی جو حد سے گزر نے والا گنہگار ہے، جب پڑھی جاتی ہیں

عَلَيْهِ آيَاتُنَا قَالَ أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ ۝١٣ كَلَّا ۖ بَلْ ۜ رَانَ عَلَىٰ

اس کے سامنے ہماری آیتیں تو کہتا ہے کہ یہ تو پہلے لوگوں کے افسانے ہیں۔ نہیں نہیں درحقیقت زنگ چڑھ گیا ہے

قُلُوبِهِم مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ ۝١٤ كَلَّا إِنَّهُمْ عَن رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ

ان کے دلوں پر ان کرتوتوں کے باعث جو وہ کیا کرتے تھے۔ یقیناً انہیں اپنے رب (کے دیدار) سے اس دن

لَّمَحْجُوبُونَ ۝١٥ ثُمَّ إِنَّهُمْ لَصَالُو الْجَحِيمِ ۝١٦ ثُمَّ يُقَالُ هَٰذَا

روک دیا جائے گا۔ پھر وہ ضرور جہنم میں داخل ہوں گے۔ پھر (ان سے) کہا جائے گا: یہی

الَّذِي كُنتُم بِهِ تُكَذِّبُونَ ۝١٧ كَلَّا إِنَّ كِتَابَ الْأَبْرَارِ لَفِي عِلِّيِّينَ ۝١٨

وہ (جہنم) ہے جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے۔ یہ حق ہے، نیکوکاروں کا صحیفہ عمل علیین میں ہوگا۔

وَمَا أَدْرَاكَ مَا عِلِّيُّونَ ۝١٩ كِتَابٌ مَّرْقُومٌ ۝٢٠ يَشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُونَ ۝٢١

اور تمہیں کیا خبر کہ علیون کیا ہے؟ یہ ایک لکھی ہوئی کتاب ہے، (حفاظت کے لیے) دیکھتے رہتے ہیں اسے مقربین۔

إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ ۝٢٢ عَلَى الْأَرَائِكِ يَنظُرُونَ ۝٢٣ تَعْرِفُ فِي

بے شک نیکوکار راحت و آرام میں ہوں گے پلنگوں پر بیٹھے (مناظر جنت کا) نظارہ کر رہے ہوں گے، آپ پہچان لیں گے

يَسْتَقِيْمَ ﴿۲۸﴾ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۹﴾

راہ چلنا چاہے ۔ اور تم نہیں چاہ سکتے بجز اس کے کہ اللہ چاہے جو رب العالمین ہے ۔

| سُوْرَةُ الْاِنْفِطَارِ ۸۲ مَكِّيَّةٌ ۸۲ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۹ رُكُوْعُهَا ۱ |
|---|---|---|

سورہ الانفطار مکی ہے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے ۔ اس میں ۱۹ آیات ہیں اور ایک رکوع ہے

اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ ﴿۱﴾ وَاِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ ﴿۲﴾ وَاِذَا الْبِحَارُ

جب آسمان پھٹ جائے گا ، اور جب ستارے بکھر جائیں گے ، اور جب سمندر

فُجِّرَتْ ﴿۳﴾ وَاِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ ﴿۴﴾ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ وَ

بہنے لگیں گے ، اور جب قبریں زیر و زبر کر دی جائیں گی ، (اس وقت) جان لے گا ہر شخص جو (اعمال) اس نے آگے بھیجے تھے اور

اَخَّرَتْ ﴿۵﴾ يٰۤاَيُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ ﴿۶﴾ الَّذِيْ

جو (اثرات) وہ پیچھے چھوڑ آیا تھا ۔ اے انسان ! کس چیز نے تجھے دھوکے میں رکھا اپنے رب کریم کے بارے میں ، جس نے

خَلَقَكَ فَسَوّٰىكَ فَعَدَلَكَ ﴿۷﴾ فِيْۤ اَيِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ ﴿۸﴾

تجھے پیدا کیا پھر تیرے (اعضاء کو) درست کیا ، پھر تیرے (عناصر کو) معتدل بنایا (الغرض) جس شکل میں چاہا تجھے ترکیب دے دیا ۔

كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّيْنِ ﴿۹﴾ وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ ﴿۱۰﴾ كِرَامًا

یہ سچ ہے بلکہ تم جھٹلاتے ہو روز جزا کو ، حالانکہ تم پر نگراں (فرشتے) مقرر ہیں جو معزز ہیں ، (حرف بحرف

كَاتِبِيْنَ ﴿۱۱﴾ يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۱۲﴾ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ﴿۱۳﴾ وَاِنَّ

لکھنے والے ہیں ، جانتے ہیں جو کچھ تم کرتے ہو ۔ بے شک نیک لوگ عیش و آرام میں ہوں گے ۔ اور یقیناً

الْفُجَّارَ لَفِيْ جَحِيْمٍ ﴿۱۴﴾ يَّصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿۱۵﴾ وَمَا هُمْ عَنْهَا

بدکار جہنم میں ہوں گے ۔ داخل ہوں گے اس میں قیامت کے روز ۔ اور وہ اس سے

بِغَآئِبِيْنَ ﴿۱۶﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۱۷﴾ ثُمَّ مَآ اَدْرٰىكَ مَا

غائب نہ ہو سکیں گے ۔ اور آپ کو کیا علم کہ روز جزا کیا ہے ؟ پھر آپ کو کیا علم کہ

يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۱۸﴾ يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْئًا ۗ وَالْاَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ﴿۱۹﴾

روز جزا کیا ہے ؟ (یہ وہ دن ہوگا) جس روز کسی کے لیے کچھ کرنا کسی کے بس میں نہ ہوگا ؛ اور سارا حکم اس روز اللہ ہی کا ہوگا ۔

| سُوْرَةُ الْمُطَفِّفِيْنَ ۸۳ مَكِّيَّةٌ ۸۶ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۳۶ رُكُوْعُهَا ۱ |
|---|---|---|

سورۃ المطففین مکی ہے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے ۔ اس میں ۳۶ آیات ہیں اور ایک رکوع ہے

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ ﴿۱﴾ الَّذِيْنَ اِذَا اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُوْنَ ﴿۲﴾

بربادی ہے (ناپ تول میں) کمی کرنے والوں کے لیے، جب وہ لوگوں سے ناپ کر لیتے ہیں تو پورا پورا لیتے ہیں،

وَاِذَا كَالُوْهُمْ اَوْ وَّزَنُوْهُمْ يُخْسِرُوْنَ ﴿۳﴾ اَلَا يَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمْ

اور جب لوگوں کو ناپ کر یا تول کر دیتے ہیں تو (ان کو) نقصان پہنچاتے ہیں۔ کیا وہ (اتنا) خیال بھی نہیں کرتے کہ انہیں قبروں سے

مَّبْعُوْثُوْنَ ﴿۴﴾ لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۵﴾ يَّوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶﴾

اٹھایا جائے گا؟ ایک بڑے دن کے لیے، جس دن لوگ (جوابدہی کے لیے) کھڑے ہوں گے پروردگارِ عالم کے سامنے۔

كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ الْفُجَّارِ لَفِيْ سِجِّيْنٍ ﴿۷﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا سِجِّيْنٌ ﴿۸﴾

یہ حق ہے کہ بدکاروں کا نامہ عمل سجین میں ہوگا۔ اور تمہیں کیا خبر کہ سجین کیا ہے۔

كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ﴿۹﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۰﴾ الَّذِيْنَ يُكَذِّبُوْنَ

یہ ایک کتاب ہے لکھی ہوئی۔ تباہی ہوگی اس دن جھٹلانے والوں کے لیے جو جھٹلاتے ہیں

بِيَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۱۱﴾ وَمَا يُكَذِّبُ بِهٖٓ اِلَّا كُلُّ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ﴿۱۲﴾ اِذَا تُتْلٰى

روز جزا کو اور نہیں جھٹلایا کرتا اسے مگر وہی جو حد سے گزرنے والا گنہگار ہے، جب پڑھی جاتی ہیں

عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۳﴾ كَلَّا بَلْ ۜ رَانَ عَلٰى

اس کے سامنے ہماری آیتیں تو کہتا ہے کہ یہ تو پہلے لوگوں کے افسانے ہیں۔ نہیں نہیں درحقیقت زنگ چڑھ گیا ہے

قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۴﴾ كَلَّآ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ

ان کے دلوں پر ان کرتوتوں کے باعث جو وہ کیا کرتے تھے۔ یقیناً انہیں اپنے رب (کے دیدار) سے اس دن

لَّمَحْجُوْبُوْنَ ﴿۱۵﴾ ثُمَّ اِنَّهُمْ لَصَالُوا الْجَحِيْمِ ﴿۱۶﴾ ثُمَّ يُقَالُ هٰذَا

روک دیا جائے گا۔ پھر وہ ضرور جہنم میں داخل ہوں گے۔ پھر (ان سے) کہا جائے گا: یہی

الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۷﴾ كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ الْاَبْرَارِ لَفِيْ عِلِّيِّيْنَ ﴿۱۸﴾

وہ (جہنم) ہے جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے۔ یہ حق ہے، نیکوکاروں کا صحیفہ عمل علیین میں ہوگا۔

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا عِلِّيُّوْنَ ﴿۱۹﴾ كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ﴿۲۰﴾ يَّشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿۲۱﴾

اور تمہیں کیا خبر کہ علیون کیا ہے؟ یہ ایک لکھی ہوئی کتاب ہے، (حفاظت کے لیے) دیکھتے رہتے ہیں اسے مقربین۔

اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ﴿۲۲﴾ عَلَى الْاَرَآئِكِ يَنْظُرُوْنَ ﴿۲۳﴾ تَعْرِفُ فِيْ

بے شک نیکوکار راحت و آرام میں ہوں گے پلنگوں پر بیٹھے (مناظر جنت کا) نظارہ کر رہے ہوں گے، آپ پہچان لیں گے

وُجُوْهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيْمِ ﴿٢٤﴾ يُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِيْقٍ مَّخْتُوْمٍ ﴿٢٥﴾ خِتٰمُهٗ

ان کے چہروں پر راحتوں کی شگفتگی۔ انہیں پلائی جائے گی سربمہر خالص شراب، اس کی مہر

مِسْكٌ ۚ وَفِيْ ذٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنٰفِسُوْنَ ﴿٢٦﴾ وَمِزَاجُهٗ مِنْ

کستوری کی ہوگی؛ اس کے لیے سبقت لے جانے کی کوشش کریں سبقت لے جانے والے۔ اس میں

تَسْنِيْمٍ ﴿٢٧﴾ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿٢٨﴾ إِنَّ الَّذِيْنَ أَجْرَمُوْا

تسنیم کی آمیزش ہوگی، یہ وہ چشمہ ہے جس سے صرف مقربین پئیں گے۔ جو لوگ جرم کیا کرتے تھے

كَانُوْا مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَضْحَكُوْنَ ﴿٢٩﴾ وَإِذَا مَرُّوْا بِهِمْ يَتَغَامَزُوْنَ ﴿٣٠﴾

وہ اہل ایمان پر ہنسا کرتے تھے اور جب ان کے قریب سے گزرتے، تو آپس میں آنکھیں مارا کرتے،

وَإِذَا انْقَلَبُوْا إِلٰى أَهْلِهِمُ انْقَلَبُوْا فَكِهِيْنَ ﴿٣١﴾ وَإِذَا رَأَوْهُمْ قَالُوْا

اور جب اپنے اہل خانہ کی طرف لوٹتے تو دل لگیاں کرتے واپس آتے، اور جب وہ مسلمانوں کو دیکھتے تو

إِنَّ هٰؤُلَاءِ لَضَالُّوْنَ ﴿٣٢﴾ وَمَا أُرْسِلُوْا عَلَيْهِمْ حٰفِظِيْنَ ﴿٣٣﴾ فَالْيَوْمَ

کہتے یقیناً یہ لوگ راہ سے بھٹکے ہوئے ہیں، حالانکہ وہ اہل ایمان پر محافظ بنا کر تو نہیں بھیجے گئے تھے۔ پس آج

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُوْنَ ﴿٣٤﴾ عَلَى الْأَرَآئِكِ

مومنین کفار پر ہنس رہے ہیں، (عروسی) پلنگوں پر بیٹھے (کفار کی خستہ حالی کو

يَنْظُرُوْنَ ﴿٣٥﴾ هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿٣٦﴾ ع ۸

دیکھ رہے ہیں۔ کیوں کچھ بدلہ ملا کفار کو (اپنے کرتوتوں کا) جو وہ کیا کرتے تھے؟

سُوْرَةُ الْانْشِقَاقِ ۸۴ مَكِّيَّةٌ ۸۳ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۲۵ رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ الانشقاق مکی ہے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ اس میں ۲۵ آیات ہیں اور ایک رکوع ہے

إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ ﴿١﴾ وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿٢﴾ وَإِذَا الْأَرْضُ

(یاد کرو) جب آسمان پھٹ جائے گا، اور کان لگا کر سنے گا اپنے رب کا فرمان اور اس پر فرض بھی یہی ہے، اور جب زمین

مُدَّتْ ﴿٣﴾ وَأَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ﴿٤﴾ وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿٥﴾

پھیلا دی جائے گی، اور باہر پھینک دے گی جو کچھ اس کے اندر ہے اور خالی ہو جائے گی، اور کان لگا کر سنے گی اپنے رب کا فرمان اور اس پر فرض بھی یہی ہے۔

يٰۤأَيُّهَا الْإِنْسَانُ إِنَّكَ كَادِحٌ إِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ﴿٦﴾ فَأَمَّا

اے انسان! تو محنت سے کوشاں رہتا ہے اپنے رب کے پاس پہنچنے تک پس تیری اس سے ملاقات ہو کر رہتی ہے۔ پس

مَنْ اُوْتِیَ كِتٰبَهٗ بِیَمِیْنِهٖ ۙ﴿۷﴾ فَسَوْفَ یُحَاسَبُ حِسَابًا یَّسِیْرًا ۙ﴿۸﴾

جس کو دیا گیا اس کا نامہ عمل اس کے دائیں ہاتھ میں، تو اس سے حساب آسانی سے لیا جائے گا،

وَّ یَنْقَلِبُ اِلٰۤى اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ؕ﴿۹﴾ وَ اَمَّا مَنْ اُوْتِیَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ

اور واپس لوٹے گا اپنے گھر والوں کی طرف شاداں و فرحاں۔ اور جس (بدنصیب) کو اس کا نامہ عمل پس

ظَهْرِهٖ ۙ﴿۱۰﴾ فَسَوْفَ یَدْعُوْا ثُبُوْرًا ۙ﴿۱۱﴾ وَّ یَصْلٰى سَعِیْرًا ؕ﴿۱۲﴾ اِنَّهٗ كَانَ

پشت دیا گیا، تو وہ چلائے گا ہائے موت ! ہائے موت ! اور داخل ہوگا بھڑکتی آگ میں۔ بے شک وہ (دنیا میں)

فِیْۤ اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ؕ﴿۱۳﴾ اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ یَّحُوْرَ ۚ﴿۱۴﴾ بَلٰۤى ۚۛ اِنَّ رَبَّهٗ معانقۃ ۱۷

اپنے اہل و عیال میں خوش و خرم رہا کرتا تھا۔ وہ خیال کرتا تھا کہ وہ (اللہ کے حضور) لوٹ کر نہیں جائے گا۔ کیوں نہیں اس، کا رب

كَانَ بِهٖ بَصِیْرًا ؕ﴿۱۵﴾ فَلَاۤ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ۙ﴿۱۶﴾ وَ الَّیْلِ وَ مَا وَسَقَ ۙ﴿۱۷﴾

اسے خوب دیکھ رہا تھا پس میں۔ قسم کھاتا ہوں شفق کی، اور رات کی اور جن کو وہ سمیٹے ہوئے ہے،

وَ الْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ ۙ﴿۱۸﴾ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ؕ﴿۱۹﴾ فَمَا لَهُمْ لَا

اور چاند کی جب وہ ماہِ کامل بن جائے، تمہیں (بتدریج) زینہ بہ زینہ چڑھنا ہے۔ پس انہیں کیا ہوگیا ہے کہ

یُؤْمِنُوْنَ ۙ﴿۲۰﴾ وَ اِذَا قُرِئَ عَلَیْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا یَسْجُدُوْنَ ؕ﴿۲۱﴾ بَلِ السجدۃ ۱۳

یہ ایمان نہیں لاتے، اور جب ان کے سامنے قرآن پڑھا جاتا ہے تو سجدہ نہیں کرتے۔ بلکہ

الَّذِیْنَ كَفَرُوْا یُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۲﴾ۖ وَ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا یُوْعُوْنَ ﴿۲۳﴾ۖ فَبَشِّرْهُمْ

یہ کفار اسے (اُلٹا) جھٹلاتے ہیں، اور اللہ خوب جانتا ہے جو اُن (کے دلوں) میں بھرا ہوا ہے، پس آپ انہیں خوشخبری

بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ ﴿۲۴﴾ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَیْرُ مَمْنُوْنٍ ﴿۲۵﴾ ع ۱ / ۲۵ / ۹

سنائیں دردناک عذاب کی، البتہ جو لوگ ایمان لے آئے اور نیک عمل کرتے رہے ان کے لیے ایسا اجر ہے جو منقطع نہ ہوگا۔

سُوْرَةُ الْبُرُوْجِ ۸۵ مَكِّیَّةٌ ۲۷ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ | اٰیَاتُهَا ۲۲ رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ البروج مکی ہے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ اس میں ۲۲ آیات ہیں اور ایک رکوع ہے

وَ السَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ۙ﴿۱﴾ وَ الْیَوْمِ الْمَوْعُوْدِ ۙ﴿۲﴾ وَ شَاهِدٍ وَّ مَشْهُوْدٍ ﴿۳﴾

قسم ہے آسمان کی جو برجوں والا ہے، اور اس دن کی جس کا وعدہ کیا گیا ہے، اور حاضر ہونے والے دن کی اور اس کی جس کے پاس حاضر ہوں گے۔

قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ۙ﴿۴﴾ النَّارِ ذَاتِ الْوَقُوْدِ ۙ﴿۵﴾ اِذْ هُمْ عَلَیْهَا

مارے گئے کھائی کھودنے والے، (جس میں) آگ تھی بڑے ایندھن والی، جب وہ اس (کے کنارہ) پر

قُعُوْدٌ ﴿۶﴾ وَّهُمْ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ شُهُوْدٌ ﴿۷﴾ وَمَا نَقَمُوْا

بیٹھے تھے، اور وہ جو کچھ اہل ایمان کے ساتھ سلوک کر رہے تھے اسے دیکھ رہے تھے۔ اور نہیں ناپسند کیا تھا

مِنْهُمْ اِلَّآ اَنْ يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ﴿۸﴾ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ

انہوں نے مسلمانوں سے بجز اس کے کہ وہ ایمان لائے تھے اللہ پر جو سب پر غالب، سب خوبیوں سراہا ہے، جس کے قبضہ میں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

آسمانوں اور زمین کی بادشاہی ہے؛ اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو دیکھنے والا ہے۔ بے شک جن لوگوں نے

فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ

ایذا دی مومن مردوں اور مومن عورتوں کو پھر توبہ بھی نہ کی تو ان کے لیے جہنم کا عذاب ہے

وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ ﴿۱۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اور ان کے لیے جلائے جانے کی سزا ہے۔ جو لوگ ایمان لے آئے اور نیک عمل کرتے رہے

آیۃ خمسیۃ ۱۲

لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ڛ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيْرُ ﴿۱۱﴾ اِنَّ

ان کے لیے باغات ہیں، جن کے نیچے نہریں جاری ہیں؛ یہی بڑی کامیابی ہے۔ بے شک

بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ ﴿۱۲﴾ اِنَّهٗ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ ﴿۱۳﴾ وَهُوَ الْغَفُوْرُ

آپ کے رب کی پکڑ بہت سخت ہے۔ بے شک وہی پہلی مرتبہ پیدا کرتا ہے اور وہی دوبارہ پیدا کرے گا۔ اور وہی بہت بخشنے والا،

الْوَدُوْدُ ﴿۱۴﴾ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ ﴿۱۵﴾ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ﴿۱۶﴾ هَلْ اَتٰىكَ

بہت محبت کرنے والا ہے، عرش کا مالک ہے بڑی شان والا، کرتا ہے جو کچھ چاہتا ہے۔ کیا پہنچی ہے

حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ ﴿۱۷﴾ فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ ﴿۱۸﴾ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ

آپ کے پاس لشکروں کی خبر، (یعنی) فرعون اور ثمود (کے لشکروں) کی۔ بلکہ یہ کفار جھٹلانے میں

تَكْذِيْبٍ ﴿۱۹﴾ وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَآىِٕهِمْ مُّحِيْطٌ ﴿۲۰﴾ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ

مصروف ہیں، حالانکہ اللہ تعالیٰ ان کو ہر طرف سے گھیرے ہوئے ہے۔ بلکہ وہ کمال شرف

مَّجِيْدٌ ﴿۲۱﴾ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ﴿۲۲﴾

والا قرآن ہے، ایسی لوح میں لکھا ہے جو محفوظ ہے۔

ع ۲۲ ۱

سُوْرَةُ الطَّارِقِ ۸۶ مَكِّيَّةٌ ۳۶ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۷ رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ الطارق مکی ہے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ اس میں ۱۷ آیات ہیں اور ایک رکوع ہے

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ﴿١﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ﴿٢﴾ النَّجْمُ الثَّاقِبُ ﴿٣﴾

قسم ہے آسمان کی اور رات کو نمودار ہونے والے کی ، اور آپ کو کیا معلوم یہ رات کو آنے والا کیا ہے ؟ ایک تارا نہایت تاباں ،

اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ﴿٤﴾ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ﴿٥﴾

کوئی شخص ایسا نہیں جس پر کوئی محافظ نہ ہو۔ سو انسان کو دیکھنا چاہیے کہ وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے ؟

خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ﴿٦﴾ يَّخْرُجُ مِنْ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ﴿٧﴾

اسے پیدا کیا گیا ہے اُچھلتے پانی سے ، جو (مرد وزن کی) پیٹھ اور سینے کی ہڈیوں کے درمیان سے نکلتا ہے ۔

اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ﴿٨﴾ يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ﴿٩﴾ فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ

بے شک وہ اس کو پھر واپس لانے پر قادر ہے۔ یاد کرو اس دن کو جب سب راز فاش کردیے جائیں ، گے پس نہ خود اس میں زور ہوگا

وَّلَا نَاصِرٍ ﴿١٠﴾ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ﴿١١﴾ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ﴿١٢﴾

اور نہ کوئی (دوسرا) مددگار ہوگا ۔ قسم ہے آسمان کی جس سے بارش برستی ہے، اور زمین کی جو (بارش سے) پھٹ جاتی ہے ،

اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ﴿١٣﴾ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ﴿١٤﴾ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ﴿١٥﴾

بلاشبہ یہ قرآن قولِ فیصل ہے، اور یہ ہنسی مذاق نہیں ہے۔ یہ لوگ طرح طرح کی تدبیریں کر رہے ہیں ،

وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ﴿١٦﴾ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ﴿١٧﴾ ع

اور میں بھی تدبیر فرما رہا ہوں ، پس آپ کفار کو (تھوڑی سی) مہلت اور دے دیں کچھ وقت انہیں کچھ نہ کہیے ۔

سُوْرَةُ الْاَعْلٰى ٨٧ مَكِّيَّةٌ ٨ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ١٩ رُكُوْعُهَا ١

سورۃ الاعلیٰ مکی ہے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے ۔ اس میں ١٩ آیات ہیں اور ایک رکوع ہے

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى ﴿١﴾ الَّذِيْ خَلَقَ فَسَوّٰى ﴿٢﴾ وَالَّذِيْ

(اے حبیب!) آپ پاکی بیان کریں اپنے رب کے نام کی ، جو سب سے برتر ہے ، جس نے (ہر چیز کو) پیدا کیا ، پھر (ظاہری اور باطنی قوتیں دے کر)

قَدَّرَ فَهَدٰى ﴿٣﴾ وَالَّذِيْٓ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ﴿٤﴾ فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰى ﴿٥﴾

درست کیا اور جس نے (ہر چیز کا) اندازہ مقرر کیا ، پھر اسے راہ دکھائی اور جس نے زمین سے چارا نکالا ، پھر اسے بنا دیا کوڑا سیاہی مائل۔

سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ﴿٦﴾ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا

ہم خود آپ کو پڑھائیں گے پس آپ (اسے) نہ بھولیں گے ، بجز اس کے جو اللہ چاہے ، بے شک وہ جانتا ہے ظاہر کو اور جو

يَخْفٰى ﴿٧﴾ وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ﴿٨﴾ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ﴿٩﴾

چھپی ہوتی ہے۔ اور ہم سہل بنا دینگے آپ کے لیے اس آسان (شریعت) پر عمل ، پس آپ نصیحت کرتے رہیے اگر نصیحت فائدہ مند ہو۔

سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ﴿١٠﴾ وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ﴿١١﴾ الَّذِىْ يَصْلَى النَّارَ

سمجھ جائے گا جس کے دل میں (خدا کا) خوف ہوگا ، اور دور رہے گا اس سے بدبخت، جو (بالآخر) بڑی آگ میں

الْكُبْرٰى ﴿١٢﴾ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ﴿١٣﴾ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ﴿١٤﴾

داخل ہوگا۔ پھر نہ وہ وہاں مرے گا اور نہ جیئے گا۔ بے شک اس نے فلاح پائی جس نے اپنے آپ کو پاک کیا ،

وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ﴿١٥﴾ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿١٦﴾ وَالْاٰخِرَةُ

اور اپنے رب کے نام کا ذکر کرتا رہا اور نماز پڑھتا رہا۔ البتہ تم لوگ دنیوی زندگی کو ترجیح دیتے ہو ، حالانکہ آخرت

خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿١٧﴾ اِنَّ هٰذَا لَفِى الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿١٨﴾ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ﴿١٩﴾ ع ۱۲

کہیں بہتر ہے اس سے اور باقی رہنے والی ہے۔ یقیناً یہ (سب کچھ) اگلے صحیفوں میں لکھا ہوا ہے، (یعنی) ابراہیم اور موسیٰ (علیہما السلام) کے صحیفوں میں۔

| سورة الغاشية ٨٨ مكية ٦٨ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰياتها ٢٦ | ركوعها ١ |
|---|---|---|---|

سورۃ الغاشیہ مکی ہے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے ۔ اس میں ۲۶ آیات ہیں اور ایک رکوع ہے

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ ﴿١﴾ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ ﴿٢﴾

کیا پہنچی ہے آپ کو چھا جانے والی آفت کی خبر؟ کتنے ہی چہرے اس دن ذلیل و خوار ہوں گے ،

عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ ﴿٣﴾ تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً ﴿٤﴾ تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ

مشقت میں مبتلا ، تھکے ماندے ، داخل ہوں گے دہکتی ہوئی آگ میں ، انہیں پلایا جائے گا کھولتے ہوئے

اٰنِيَةٍ ﴿٥﴾ لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ اِلَّا مِنْ ضَرِيْعٍ ﴿٦﴾ لَّا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِىْ

چشمہ سے ۔ انہیں کوئی کھانا نہ ملے گا بجز خاردار جھاڑ کے ، جو نہ فربہ کرے گا اور نہ بھوک

مِنْ جُوْعٍ ﴿٧﴾ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ ﴿٨﴾ لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ﴿٩﴾ فِىْ

دور کرے گا ۔ کتنے ہی چہرے اس دن بارونق ہوں گے ، اپنی کاوشوں پر خوش ہوں گے ،

جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ﴿١٠﴾ لَّا تَسْمَعُ فِيْهَا لَاغِيَةً ﴿١١﴾ فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ ﴿١٢﴾ فِيْهَا وقف لازم

عالیشان جنت میں ، نہ سنیں گے وہاں کوئی لغوبات ۔ اس میں چشمہ جاری ہوگا ۔ اس میں

سُرُرٌ مَّرْفُوْعَةٌ ﴿١٣﴾ وَّاَكْوَابٌ مَّوْضُوْعَةٌ ﴿١٤﴾ وَّنَمَارِقُ مَصْفُوْفَةٌ ﴿١٥﴾ وَّ

اونچے اونچے تخت (بچھے) ہوں گے ، اور ساغر (قرینے سے) رکھے ہوں گے ، اور گاؤ تکیے قطار در قطار لگے ہوں گے ، اور

زَرَابِىُّ مَبْثُوْثَةٌ ﴿١٦﴾ اَفَلَا يَنْظُرُوْنَ اِلَى الْاِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ﴿١٧﴾ وقفة

قیمتی قالین بچھے ہوں گے ۔ کیا یہ لوگ (غور سے) اونٹ کو نہیں دیکھتے کہ اسے کیسے (عجیب طرح) پیدا کیا گیا ہے؟

وَإِلَى السَّمَاءِ كَيْفَ رُفِعَتْ ﴿۱۸﴾ وَإِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ ﴿۱۹﴾ وَ

اور آسمان کی طرف نہیں دیکھتے کہ اسے کیسے بلند کیا گیا ہے؟ اور پہاڑوں کی طرف کہ انہیں کیسے نصب کیا گیا ہے؟ اور

إِلَى الْأَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ ﴿۲۰﴾ فَذَكِّرْ إِنَّمَا أَنْتَ مُذَكِّرٌ ﴿۲۱﴾ لَسْتَ

زمین کی طرف کہ اسے کیسے بچھایا گیا ہے؟ پس آپ انہیں سمجھاتے رہا کریں آپ کا کام تو سمجھانا ہی ہے۔ آپ ان

عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ ﴿۲۲﴾ إِلَّا مَنْ تَوَلَّىٰ وَكَفَرَ ﴿۲۳﴾ فَيُعَذِّبُهُ اللَّهُ الْعَذَابَ

کو جبر سے منوانے والے تو نہیں ہیں، مگر جس نے رُوگردانی کی اور کفر کیا، تو اللہ اس کو سخت

الْأَكْبَرَ ﴿۲۴﴾ إِنَّ إِلَيْنَا إِيَابَهُمْ ﴿۲۵﴾ ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ ﴿۲۶﴾ (الغاشیۃ) ع ۱ ۲۶ ۱۴

عذاب دے گا۔ بے شک انہیں (آخر) ہمارے پاس ہی لوٹ کر آنا ہے، پھر یقیناً ہمارے ہی ذمہ ان کا حساب لینا ہے۔

| سُورَةُ الْفَجْرِ ۸۹ مَكِّيَّةٌ ۱۰ | بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ | آياتها ۳۰ ركوعها ۱ |
|---|---|---|

سورۃ الفجر مکی ہے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ اس میں ۳۰ آیات ہیں اور ایک رکوع ہے

وَالْفَجْرِ ﴿۱﴾ وَلَيَالٍ عَشْرٍ ﴿۲﴾ وَالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ ﴿۳﴾ وَاللَّيْلِ إِذَا يَسْرِ ﴿۴﴾

قسم ہے اس صبح کی، اور ان (مقدس) دس راتوں کی، اور قسم ہے جفت اور طاق (راتوں) کی، اور رات کی جب گزرنے لگے۔

هَلْ فِي ذَٰلِكَ قَسَمٌ لِذِي حِجْرٍ ﴿۵﴾ أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ

یقیناً اس میں قسم ہے عقلمند کے لیے۔ کیا آپ نے ملاحظہ نہ کیا کہ آپ کے رب نے کیا کیا

بِعَادٍ ﴿۶﴾ إِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ ﴿۷﴾ الَّتِي لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ ﴿۸﴾

عادارم کے ساتھ؟ جو اونچے ستونوں والے تھے، نہیں پیدا کیا گیا جن کا مثل (دنیا کے) ملکوں میں،

وَثَمُودَ الَّذِينَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ ﴿۹﴾ وَفِرْعَوْنَ ذِي الْأَوْتَادِ ﴿۱۰﴾

اور ثمود کے ساتھ (کیا کیا) جنہوں نے کاٹا تھا چٹانوں کو وادی میں، اور (کیا کیا) فرعون کے ساتھ جو میخوں والا تھا،

الَّذِينَ طَغَوْا فِي الْبِلَادِ ﴿۱۱﴾ فَأَكْثَرُوا فِيهَا الْفَسَادَ ﴿۱۲﴾ فَصَبَّ عَلَيْهِمْ

جنہوں نے سرکشی کی تھی (اپنے اپنے) ملکوں میں، پھر ان میں بکثرت فساد برپا کر دیا تھا، پس آپ کے

رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ ﴿۱۳﴾ إِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ﴿۱۴﴾ فَأَمَّا الْإِنْسَانُ

رب نے ان پر عذاب کا کوڑا برسایا، بے شک آپ کا رب (سرکشوں اور مفسدوں کی) تاک میں ہے۔ مگر انسان

إِذَا مَا ابْتَلَاهُ رَبُّهُ فَأَكْرَمَهُ وَنَعَّمَهُ فَيَقُولُ رَبِّي أَكْرَمَنِ ﴿۱۵﴾

(بھی عجب شے ہے) کہ جب آزماتا ہے اسے اس کا رب یعنی اس کو عزت دیتا ہے اور اس پر انعام فرماتا ہے تو وہ کہتا ہے میرے رب نے مجھے عزت بخشی۔

وَأَمَّآ إِذَا مَا ابْتَلَاهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهُۥ فَيَقُولُ رَبِّىٓ أَهَانَنِ ﴿۱۶﴾
اور جب اس کو (یوں) آزماتا ہے کہ اس پر روزی تنگ کر دیتا ہے تو کہنے لگتا ہے کہ میرے رب نے مجھے ذلیل کر دیا۔
كَلَّا ۖ بَل لَّا تُكْرِمُونَ الْيَتِيمَ ﴿۱۷﴾ وَلَا تَحَٰٓضُّونَ عَلَىٰ طَعَامِ الْمِسْكِينِ ﴿۱۸﴾
ایسا نہیں ہے بلکہ (اس کی وجہ یہ ہے کہ) تم یتیم کی عزت نہیں کرتے، اور نہ تم ترغیب دیتے ہو مسکین کو کھانا کھلانے کی،
وَتَأْكُلُونَ التُّرَاثَ أَكْلًا لَّمًّا ﴿۱۹﴾ وَتُحِبُّونَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ﴿۲۰﴾ كَلَّآ
اور چٹ کر جاتے ہو میراث کا سارا مال، اور دولت سے حد درجہ محبت کرتے ہو۔ یقیناً
إِذَا دُكَّتِ الْأَرْضُ دَكًّا دَكًّا ﴿۲۱﴾ وَجَآءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا ﴿۲۲﴾
جب زمین کو کوٹ کر ریزہ ریزہ کر دیا جائے گا، اور جب آپ کا رب جلوہ فرما ہوگا اور فرشتے قطار در قطار حاضر ہوں گے۔
وَجِاْىٓءَ يَوْمَئِذٍۭ بِجَهَنَّمَ ۚ يَوْمَئِذٍ يَتَذَكَّرُ الْإِنسَانُ وَأَنَّىٰ لَهُ
اور (سامنے) لائی جائے گی اس دن جہنم اس روز انسان کو سمجھ آئے گی لیکن اس سمجھنے
الذِّكْرَىٰ ﴿۲۳﴾ يَقُولُ يَٰلَيْتَنِى قَدَّمْتُ لِحَيَاتِى ﴿۲۴﴾ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُعَذِّبُ
کا کیا فائدہ؟ (اس دن) کہے گا کاش! میں نے (کچھ) آگے بھیجا ہوتا اپنی (اس) زندگی کے لیے۔ پس اس دن اللہ کے عذاب کی طرح
عَذَابَهُۥٓ أَحَدٌ ﴿۲۵﴾ وَلَا يُوثِقُ وَثَاقَهُۥٓ أَحَدٌ ﴿۲۶﴾ يَٰٓأَيَّتُهَا النَّفْسُ
نہ کوئی عذاب دے سکے گا، اور نہ اس کے باندھنے کی طرح کوئی باندھ سکے گا۔ اے نفس
الْمُطْمَئِنَّةُ ﴿۲۷﴾ ارْجِعِىٓ إِلَىٰ رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ﴿۲۸﴾ فَادْخُلِى
مطمئن واپس چلو، اپنے رب کی طرف اس حال میں کہ تو اس سے راضی (اور) وہ تجھ سے راضی۔ پس شامل ہو جاؤ
ع ۱۲ ۳۰ ۱ فِى عِبَٰدِى ﴿۲۹﴾ وَادْخُلِى جَنَّتِى ﴿۳۰﴾
میرے (خاص) بندوں میں، اور داخل ہو جاؤ میری جنت میں۔

سُورَةُ الْبَلَدِ ۹۰ مَكِّيَّةٌ ۳۵ — بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ — اٰيَاتُهَا ۲۰ رُكُوعُهَا ۱

سورۃ البلد مکی ہے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ اس میں ۲۰ آیات ہیں اور ایک رکوع ہے
لَآ أُقْسِمُ بِهَٰذَا الْبَلَدِ ﴿۱﴾ وَأَنتَ حِلٌّۢ بِهَٰذَا الْبَلَدِ ﴿۲﴾ وَوَالِدٍ وَ
میں قسم کھاتا ہوں اس شہر (مکہ) کی، درآں حالیکہ آپ بس رہے ہیں اس شہر میں، اور قسم کھاتا ہوں باپ کی اور
مَا وَلَدَ ﴿۳﴾ لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ فِى كَبَدٍ ﴿۴﴾ أَيَحْسَبُ أَن لَّن
